# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: امانت و دیانت کے پیکر | |

**مقاصد:** معنی کے لحاظ سے متضاد الفاظ کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 18، تصویری فلیش کارڈز، ٹیپ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 17 پر دیے گئے سوال نمبر 2 میں دیے گئے الفاظ کا غلط املا بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں کے دو گروپ بنائیں۔ انھیں ہدایت کریں کہ جو بچہ سب سے پہلے ان الفاظ کا درست املا لکھے گا اس گروپ کو ایک نمبر دے دیا جائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی تمام بچوں سے کروائیں۔
- اور دونوں گروہوں کو ساتھ ساتھ نمبر دیتے جائیں۔
- جس گروہ کے بچے زیادہ الفاظ کی درست املا کریں گے وہ جیت جائے گا۔
- آخر میں جماعت کے بچوں کو سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں اور حضرت رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت پر روشنی ڈالیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- اب بورڈ پر دن کے منظر کی تصویر چسپاں کریں بچوں سے وقت کا نام پوچھیں اور تصویر کے نیچے لکھیں۔
- اب اس نام کے سامنے لفظ رات لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔
- بچوں کو بتائیں ایسے الفاظ جو معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کے اُلٹ ہوں "متضاد الفاظ" کہلاتے ہیں۔ آج ہم الفاظ کے متضاد لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- چار کوئی ایسی تصاویر لیں جن کے متضاد بن سکیں۔ جیسے اوپر، اندر، انسان، بادشاہ تصویروں کو کاٹ کر ان کے حصے الگ الگ کر لیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ کو ایک تصویر کے فلیش کارڈ کے ٹکڑے دیں ان سے کہیں ٹکڑوں کو جوڑ کر تصویر مکمل کریں اور اس کا اُلٹ سوچیں۔
- اس کے لیے انھیں ایک منٹ کا وقت دیں۔

- اس دوران میں بورڈ پر وہ الفاظ لکھ دیں جن کے متضاد بنوانے ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں جس گروہ کے پاس اس پر مبنی تصویر آئی ہو گی اس کا کوئی بچہ بورڈ پر آگے متعلقہ تصویر کا متضاد لکھے گا۔
- اسی طرح باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 18 کھلوائیں اور سوال نمبر 8 میں دیے گئے الفاظ کے متضاد لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر کا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 5 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: امانت و دیانت کے پیکر | | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع سے متعلق مربوط جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 18، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں سے کہیں کہ آج ہم اس سبق "امانت و دیانت کے پیکر" کے اہم نکات کے بارے میں بات کریں گے۔
- بچوں کو بتائیں امانت و دیانت ایک بہترین حکمت عملی ہے۔
- بچوں سے پوچھیں کہ وہ طالب علم کی حیثیت سے کن کن کاموں میں امانت و دیانت کا خیال رکھتے ہیں؟
- اس کام کے لیے جماعت کے بچوں کو گروہی شکل میں بٹھا کر بات چیت کروائیں اور انھیں مخصوص وقت دیں۔ وقت مکمل ہونے کے بعد ان سے کہیں کہ وہ ایک ایک کر کے جماعت کے سامنے آئیں اور اپنے لکھے دس دس جملے ساتھیوں کو سنائیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی تمام بچوں کے ساتھ دہرائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ انھوں نے کیا سیکھا؟
- تمام بچوں سے فرداً فرداً جواب حاصل کریں۔

**تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)**

- کتاب کے صفحہ نمبر 18 پر دیے گئے سوال نمبر 10 کی سرگرمی کروانے کے لیے ان سے فرداً فرداً پہلے سوال کا جواب لیں۔
- سوال کو بورڈ پر لکھیں۔
- ایک سے دو مرتبہ بلند آواز میں سوال پڑھیں۔ تمام بچوں سے فرداً فرداً سوال کا جواب لینے کے بعد ان کی کاپیاں نکلوائیں۔
- بچوں کو الگ الگ بٹھا دیں اور ان کو سوال سے متعلق جواب لکھنے کا کہیں۔
- کام کی نگرانی کریں جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- جب بچے لکھنے کا کام مکمل کر لیں تو بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے جملے باری باری بورڈ پر لکھیں۔
- بچے جب بورڈ پر جملے لکھ لیں تو جملوں کی کانٹ چھانٹ کریں۔
- آخر میں لکھے گئے جملوں کی بچوں کو پڑھائی کروائیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان الفاظ کے جملے بنوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کرنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

امانت و دیانت ایک بہترین حکمت عملی ہے کہ موضوع پر پانچ جملے لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: امانت و دیانت کے پیکر | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع سے متعلق مربوط جملے لکھ سکیں۔

ابلاغ یا دیگر ایسے ذرائع سے نظمیں اور گیت پڑھ اور سن کر دوسروں کو بھی سنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 18، شیٹیں۔

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت میں آنے سے پہلے ابلاغ کے کسی ذرائع مثلاً کمپیوٹر سے کوئی نظم ڈاؤن لوڈ کر کے لائیں۔
- جماعت میں آنے کے بعد بچوں کو گروہوں میں بٹھا دیں اور نظموں کے پرنٹ فراہم کریں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ ان میں سے پسندیدہ نظموں اور ملی نغموں کو منتخب کریں اور ایک دوسرے کو سنائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں سے پوچھیں ان کو کون سی نظم یا ملی نغمہ پسند آیا ہے؟
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- سرگرمی کروانے سے پہلے بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی موضوع پر لکھنے کے لیے آپ کے پاس اس موضوع سے متعلق بنادی اور اہم باتیں جاننا ضروری ہوتا ہے۔
- آپ کے پاس ذخیرہ الفاظ موجود ہونے چاہییں۔
- جس سے آپ جملوں میں دل چسپی اور باہمی تعلق کا ربط قائم کرسکتے ہوں۔
- آپ کا تحریر کردہ پیراگراف موضوع کے عین مطابق ہو۔ بورڈ پر موضوع کا نام لکھیں۔
- ہر بچے کو ایک شیٹ فراہم کریں تاکہ وہ دیے گئے موضوع سے متعلق لکھ سکیں۔
- اب بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں۔
- ان کی تقاریر تیار کروائیں۔
- جماعت میں ایک تقریری مقابلے کا انعقاد کروائیں۔

| |
|---|
| • بچوں کی تیار کی گئی تقاریر جماعت کے سامنے پیش کروائیں۔<br>• سب سے اچھی تقریر کرنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:(3 منٹ)** بچوں کو جماعت کے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:(5 منٹ)** متفرق بچوں سے ان کی پسندیدہ نظمیں پڑھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:(2 منٹ)** جماعت میں کیا گیا کام گھر میں دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:سوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حمد (دہرائی) | |

**مقاصد:**

- سبق حمد کے الفاظ، معانی، سوالات و جوابات اور کالم کی دہرائی کر سکیں۔
- حروف جوڑ کر اور لفظ بنا کر مصرعے مکمل کریں۔
- الفاظ کے آخری حروف کو استعمال کر کے نئے الفاظ بنا سکیں۔
- واحد جملوں کو جمع جملوں میں تبدیل کر سکیں۔
- الفاظ کے جملوں میں استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 18، کتاب، ورک شیٹ۔

**تحریکی سرگرمی:(5 منٹ)**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں اور ان سے معانی سوچنے کا کہیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار: (8 منٹ)**

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ اس سبق "حمد" کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں تا کہ امتحانات کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- بچوں کو بتائیں حمد اس نظم کو کہتے ہیں جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی جائے۔
- اب کتاب کے صفحہ نمبر 4 پر دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ سے باری باری ان کے جوابات پوچھیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اسی طرح سبق کے باقی سوالات کی نشان دہی کرتے جائیں اور بچوں کو دہرائی کروائیں۔
- اگر کسی بچے کو پڑھنے میں وقت پیش آ رہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- آخر میں سبق کا مکمل اعادہ کروائیں تا کہ بچوں کو تمام نکات کی سمجھ آ جائے۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# ورک شیٹ (20منٹ)

۱۔ سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(الف) اللہ تعالیٰ کن لوگوں کا راہ نما ہے؟

______________________________

(ب) اپنے دل کی مرادیں کیسے حاصل کی جا سکتی ہیں؟

______________________________

(ج) کون لوگ اللہ تعالیٰ کو اپنا دکھ سناتے ہیں؟

______________________________

۲۔ حروف جوڑ کر لفظ بنائیں اور مصرعے مکمل کریں۔

بھولے بھٹکوں کا__________ تو ہے

تو زمین__________ کا مالک

تو نے یہ__________ سب سنوارے ہیں

نااُمیدوں کا__________ تو ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ر | ا | ہ | ن | م | ا |
| آ | س | م | ا | ن | |
| ن | ق | ش | | | |
| آ | س | ر | ا | | |

۳۔ الفاظ کے آخری حروف کو استعمال کر کے نئے الفاظ بنا کر لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مولا | | پھل | | حیوان | |

۴۔ دیے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| عقل | |
| راہ | |
| پہاڑ | |
| دانا | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خاتم النبیین ﷺ (دہرائی) | |

**مقاصد:**

- نظم نعت کے الفاظ / معانی، سوالات وجوابات اور کالم کی دہرائی کر سکیں۔
- درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔
- تذکیر و تانیث کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں۔
- الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار: (8 منٹ)**

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق نعت رسول مقبول خاتم النبیین ﷺ کی دہرائی کرنے جارہے ہیں تاکہ امتحانات کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی تعریف بیان کی جائے، اس نظم کو نعت کہتے ہیں۔
- بچوں سے صفحہ نمبر 8 کھلوائیں اور نعت درست تلفظ اور لَے سے پڑھوائیں۔
- جن بچوں کی پڑھائی درست نہ ہو ان کی اصلاح کریں۔
- اس کے بعد سبق کے تمام سوالات کی باری باری مشق کروائیں اور مکمل سبق کا اعادہ کروائیں تاکہ تمام سوالات بچوں کو ذہن نشین ہو جائیں۔
- سبق کے نکات کی دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں۔

- انھیں ہدایت دیں کہ ورک شیٹ کو دیے گئے وقت کے مطابق حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں ان کی راہ نمائی کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی گھر میں دہرائی کروائیں۔

## ورک شیٹ (20منٹ)

ا۔ سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(الف) نعت میں شاعر نے کس کو ”جہاں کے دُکھوں سے رہا“ کہا ہے؟

______________________________

(ب) ”حقیقت کی صورت، دِکھائی اُنھوں نے“ سے کیا مراد ہے؟

______________________________

(ج) نعت کا مرکزی خیال لکھیں۔

______________________________

۲۔ درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کریں۔

- ہمیشہ رہے نام اُن کا، __________ پر
- حقیقت کی __________، دکھائی اُنھوں نے
- وُہی بے کسوں، __________ کے والی
- یہ جانو، جہاں کے __________ سے رہا ہیں

۳۔ دیے گئے پیراگراف میں سے مذکر اور مونث الفاظ کی جوڑیاں تلاش کر کے نیچے دی گئی جگہ پر لکھیں۔

> چُھٹی کے دِن مَیں اپنے نانا جان اور نانی جان کے گھر گیا۔ وہاں میرے خالہ، خالو، ماموں جان اور ممانی جان رہتے ہیں۔ نانا جان نے اپنے گھر کے پچھلے حصّے میں بہُت سے جان ور پال رکھے ہیں، جن میں گائے، بَیل، بکرا اور بکری وغیرہ شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ مُرغا، مُرغی اور اُن کے بچّوں کے لیے ایک ڈربا بھی بنایا ہُوا ہے۔ مَیں نانا جان کے گھر جا کر اِن تمام جان وروں سے کھیلتا ہوں۔ اِس لیے مُجھے نانا جان اور نانی جان کے گھر جانا بہُت اچّھا لگتا ہے۔

| مذکر | مونث | مذکر | مونث |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

۴۔ کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم (الف) |
|---|
| فدا اُن پہ ہم |
| ہمیشہ رہے نام |
| حقیقت کی صورت |
| خدا تک پہنچنے کا |

| کالم (ب) |
|---|
| دِکھائی اُنھوں نے |
| وہ راستہ ہیں |
| اُن کا، زباں پر |
| وہ رسولِ خدا ہیں |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: امانت و دیانت کے پیکر (دہرائی) | |

## مقاصد:

- سبق "امانت و دیانت کے پیکر" کے الفاظ / معانی، سوالات و جوابات کی دہرائی کر سکیں۔
- خالی جگہ پر کر سکیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔

- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (8منٹ)

- بورڈ پر سبق کا نام "امانت و دیانت کے پیکر" لکھیں اور طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ سبق کی تیاری امتحانات کے لیے مزید بہتر ہو جائے۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 13 سے بچوں کو متن کی پڑھائی کروائیں اور سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔
- بچوں سے مشق میں دیے گئے سوالات کے جواب پوچھیں اور ساتھ ان کو زبانی دہرانے کو کہیں۔
- اسی طرح مشق میں دیے گئے تمام سوالات طلبہ کو زبانی دہرانے کو کہیں تاکہ یہ سوال ان کو ذہن نشین ہو جائیں۔
- اہم نکات کی دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔
- ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

## ورک شیٹ (20منٹ)

۱۔ سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(الف) حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے اپنا مال تجارت حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے سپرد کیوں کیا؟

______________________________

(ب) مشرقین مکہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو امین کہ کر کیوں پکارتے تھے ؟

______________________________

(ج) مکہ مکرمہ سے ہجرت کے وقت حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مکہ مکرمہ میں کیوں چھوڑا؟

______________________________

۲۔ خالی جگہ پر کریں۔

- نبوت سے پہلے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ ______________ کرتے تھے۔
- امانت داری کی وجہ سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی تجارت خوب ____________ تھی۔
- حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ سے نکاح کی خواہش کا ___________ کیا۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ امانت داری اور _______________ میں اپنی مثال آپ تھے۔

۳۔ دیے گئے الفاظ کا درست املا لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مطاثر | | صفط | | منذور | |
| حفازت | | قفار | | تجارط | |

۴۔ الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | | بادشاہ | | زندگی | |
| اندر | | دن | | مشکل | |